# مانمن خبریں

نمبر 40_18، اکتوبر 2015


## "ٹھنڈی ہواؤں کے ساتھ پاک روح کے پاک بہہ نکلے"

### 27ممالک کے لوگوں کے ساتھ مانمن سمر ریٹریٹ

مانمن سمر ریٹریٹ ایک عالمگیر تہوار ہے جو ایسے کئی لوگوں کی توجہ کا مرکز ہے جو فضل کے منتظر ہیں۔ 2015میں یہ 3 سے 6 اگست تک ڈیوگیوسان ریسارٹ بمقام موجو صوبہ جیونبک میں منعقد ہوا تھا۔

پہلی شب کے دوران، سینئر پاسٹر ڈاکٹر جے راک لی نے زبور62: 11 پر مبنی سیمینار کی راہنمائی کی۔ انہوں نے کہا کہ حقیقی محبت میں اعمال اور سچائی شامل ہوتی ہے، اور خدا آج نشانات اور عجائب اور قدرت بھرے کاموں کے وسیلہ سے کام کرتا ہے تا کہ اپنی محبت ظاہر کرے۔ انہوں نے حاضرین کو بتایا کہ ریٹریٹ کے دوران خدا کی محبت کے ثبوت تلاش کریں، جب وہ "خزانہ کی تلاش" کھیل رہے تھے۔انہوں نے مزید کہا کہ وہ خدا کے ایسے بے شمار کام دیکھیں گے جن میں کچھ بھی ناممکن نہیں ہے۔

سیمینار کے بعد ڈیوائن ہیلنگ میٹنگ ہوئی جہاں خدا کی قدرت کے عجیب کام ظاہر ہوئے۔شرکاٗ نے خدا کی محبت کو محسوس کیا جو چاہتا ہے کہ اُس کے فرزند بیماریوں کے بغیر صحت مند اور شادمان رہیں اور ایک بار پھر اُس کی قدرتِ مطلقہ کو تسلیم کریں۔ کئی لوگوں کو مختلف بیماریوں سے شفا ملی جس میں سرطان، اعصابی کمزوری، امراجِ چشم، جلدی بیماریاں، ذیابیطس، جھلس جانا، اور نظر کی کمزوری شامل ہے۔ 20 سے زائد بہرے لوگوں کو شفا ملی جو مختلف ممالک سے آئے تھے اور وہ دوبارہ سننے لگے۔

اگرچہ پورے ملک میں شدید گرمی کی لہر کی خبر تھی، تاہم ٹھنڈے ہواکے جھونکے مسلسل چل رہے اور درجہ حرارت کو معتدل رکھ رہے تھے۔ دائرے کی شکل میں خوبصورت قوسِ قزح، صلیب کی شکل کے بادل، دوستانہ بھنبھیریاں اراکان پر آ کر بیٹھ رہی تھیں اور تیز رفتار ستارے حاضرین



"میں نے بیساکھیاں پھینک دیں اور ان کے بغیر اچھی طرح چل سکتا ہوں"
"میں وہیل چیئر پر سے اٹھ کھڑا ہوا"
"اب میں سُن سکتا ہوں"
"اب میں عینک کے بغیر بھی اچھی طرح دیکھ سکتا ہوں"

مرکزی تصویر:ڈیوائن ہیلنگ میٹنگ، مانمن سمر ریٹریٹ منعقدہ اگست 2015 میں سٹیج پر موجود لوگ ڈاکٹر جے راک لی کی دعا سے شفا پا گئے اور اپنی شفا کی گواہی کے لئے انتظار کر رہے ہیں (چھوٹی تصاویر: گواہیاں دینے والے لوگ)

کو خدا کی الٰہی فطرت کا احساس دے رہے تھے جس نے آسمان اور زمین کو ان میں موجود تمام چیزوں کو ہماری عظیم محبت میں پیدا کیا ہے۔

دوسرے روز کھیلوں کے دن میں، اگرچہ وہ مختلف قومیتوں سے تھے، وہ مختلف زبانیں بولتے تھے، تاہم سب نے مل کر خداوند میں شادمانی کی۔ تیسری رات کیمپ فائرورشپ اینڈ پریز کے دوران سب نے خدا کے حضور شکرگزاری کی جس نے ایسا حقیقی اطمینان اور شادمانی بخشی تھی جو اس زمین پر اور کوئی نہیں دے سکتا۔ وہ خداوند کی دوسری آمد کیلئے شدید خواہش اور اُس کے ساتھ ابدی آسمانی زندگی کی امید سے بھر گئے۔

مانمن سمر ریٹریٹ 2015 میں 27 ممالک کے لوگوں نے شرکت کی۔ اِس واقعہ کا دس مختلف زبانوں میں ترجمہ کیا گیا۔آئیں سارا جلال خدا کے دیں اور شکر گزار ہوں جس نے قدرت بھرے دھماکہ خیز کام کئے! اب آئیں خدا کی محبت کے ثبوت دبارہ یاد کریں، اِن ارکان کی گواہیوں کے وسیلہ سے جن کا تعلق نہ صرف اندرون بلکہ بیرون کوریا سے بھی ہے (صفحہ نمبر 3اور4پر جاری ہے)۔

---

### "مجھے 53سال بعد ہڈیوں کے بھربھرے پن سے آزادی مل گئی"



بچے کی پیدایش کے بعد، میرے جوڑوں میں سُوجن تھی اور مجھے درد محسوس ہوتا تھا۔ میں متاثرہ حصوں پر موکسا لگاتی تھی لیکن یہ علامات پوری طرح ختم نہیں ہوتی تھیں۔ میں اپنے جوڑوں کو حرکت نہیں دے سکتی تھی، اس لئے کہ طویل عرصہ سے مجھے شدید درد ہوتا تھا۔ لیکن ڈاکٹر جے راک سے پہلی رات دعا کروانے کے بعد، میں اپنے گھٹنوں کو جھکا سکتی تھی اور مجھے بالکل درد نہ ہوا۔ بالآخر میں 53سال سے ہڈیوں کے بھربھرے پن سے شفا پائی۔

ڈیکنیس جُنگھی پارک، چائنیز پیرش1، جنوبی کوریا

### "مجھے ذیابیطس سے شفا مل گئی"



میری ذیابیطس کا درجہ اس قدر زیادہ تھا کہ مجھے ہر روز انسولین کے 35 یونٹ لگوانے پڑتے تھے۔ کوریا میں ریٹریٹ میں آنے کے بعد، میں نے انسولین بالکل نہیں لی۔ لیکن مجھ میں کوئی غیر معمولی علامات نظر نہ آئیں۔مزید یہ کہ میں نے جو چاہا وہ کھایا، لیکن بالکل ٹھیک رہا۔ ڈاکٹر جے راک لی سے دعا کروانے کے بعد، میں نےاپنے بدل اور دل کو اس طرح محسوس کیا جیسے ابر آلود موسم میں مطلع صاف ہو جاتا ہے۔مجھے بہت اچھا لگا۔

بھائی وکٹر ولیز، کولمبیا

### "مجھے کچّھ داد کی بیماری سے شفا مل گئی"



30 جولائی 2015کو میری کمر پر بائیں جانب داد نکل آئی۔ اس سے مجھے اتنا شدید درد تھا کہ سو بھی نہیں سکتی تھی۔ یہ درد 3 اگست کی صبح تک جاری رہا۔ میں ریٹریٹ میں شرکت کرنا چاہتی تھی لہٰذا میں نے خود کار جوابی مشین پر ریکارڈ کردہ ڈاکٹر جے راک لی کی دعا کروائی اور موآن کا میٹھا پانی چھڑکا۔ پھر درد جاتا رہا۔ میں نے پہلی رات دعا بھی کروائی اور پھر مجھے مکمل شفا مل گئی۔

ڈیکنیس ہیوُسُک مُن، گوانگجُو، مانمن چرچ، جنوبی کوریا

### "میری معذور ٹانگ ٹھیک ہو گئی! میں چل سکتی ہوں!"



تیس سال پہلے میری ریڑھ کی ہڈی میں نقص پیدا ہو گیا، اور اس سے میری بائیں ٹانگ مفلوج ہو گئی۔ میں چل نہیں سکتی تھی۔ لیکن جب میں نے ریٹریٹ 2015میں شرکت کی تو میں نے ڈاکٹر لی کے سیمینار کے دوران توبہ کی اور فضل پایا۔اس کے بعد ہونے والی ڈیوائن ہیلنگ میٹنگ کے دوران میں نے اُن سے دعا کروائی۔ پھر میری ٹانگ بالکل ٹھیک ہوگئی اور میں چلنے لگی۔

لتا آگسٹین، انڈیا

# "تُو اپنے پڑوسی کے گھر کا لالچ نہ کرنا"

"تُو اپنے پڑوسی کے گھر کا لالچ نہ کرنا۔ تُو اپنے پڑوسی کی بیوی کا لالچ نہ کرنا اور نہ اس کے غلام اور اس کی لونڈی اور اس کے بیل اور اس کے گدھے کا ااور نہ اپنے پڑوسی کی کسی اور چیز کا لالچ کرنا" (خروج20: 17)۔

انسان کے لالچ کی کوئی حد نہیں ہے۔اگرچہ وہ بہت امیر ہوں تو بھی جو کچھ اُن کے پاس ہو اس سے اُن کی کبھی تسلی نہیں ہوتی اور وہ زیادہ مال بنانے کی کوشش میں لگے رہتے ہیں۔ یہاں تک کہ اُن کو اور بہت کچھ مل جائے تو بھی دولت کے لئے اُن کی پیاس کبھی نہیں بجھتی۔صرف اُس وقت، جب وہ ابدی زندگی کی تلاش کرتے اور اپنے دلوں میں آسمانی امید کو بھر لیتے ہیں، تو ہی وہ حقیقی تسلی اور شادمانی پا سکتے ہیں۔

## 1۔ لازم ہے کہ ہم دنیاوی کے لالچ اور زر دوستی کو دُور کریں

جب لوگ کسی اعلیٰ نسل کے گھوڑے یا بیش قیمت اشیأ کو دیکھتے تو اس طرح خوش ہوتے ہیں "اوہ، کتنا خوبصورت ہے!" لیکن ان میں سے بعض ایسے ہیں جو اس درجہ سے بھی آگے کی سوچ رکھتے ہیں "یہ مجھے چاہیئے" اور اس کے علاوہ، ان چیزوں کی خواہش کے ذریعہ سے لالچ اور زردوستی آ کر ان کے دلوں میں بس جاتی ہے۔اس کے تعلق سے یعقوب 1: 15 بیان کرتی ہے کہ "پھر خواہش حاملہ ہو کر گناہ کو جنتی ہے اور گناہ جب بڑھ چکا تو موت پیدا کرتا ہے۔"

جسم کی خواہش، آنکھوں کی خواہش اور زندگی کی شیخی جیسی سب باتوں کی جڑ اسی لالچ میں اور زر کی دوستی میں ہے۔یہ دنیا کی چیزوں سے فریب زدہ محبت کے لئے ہیں اور دنیا کی چیزوں کی خواہش رکھتی ہیں۔ اس لالچ کی وجہ سے لوگ جھوٹ بولتے، چوری کرتے، زناکاری کرتے، دوسروں کو فریب دیتے، دوسروں کو لوٹتے، دولت کا ناجائز استعمال کرتے، قتل کرتے اور ہر طرح کا گناہ کرتے ہیں۔

یہ لالچ بعض اوقات والدین اور بچوں کے درمیان، شوہر اور بیوی کے درمیان، بھائیوں کے درمیان دشمنی پیدا کرتا ہے۔ اس لالچ کی وجہ سے لوگ دوسروں سے حسد محسوس کرتے ہیں جن کے پاس اُن سے زیادہ ہو، اور سچائی کے ساتھ اُن کی شادمانی میں شریک ہونے کے لائق نہیں ہوتے۔ 1- تیمتھیس6: 10 کہتی ہے کہ، "کیونکہ زر کی دوستی ہر قسم کی برائی کی جڑ ہے جس کی آرزو میں بعض نے ایمان سے گمراہ ہو کر اپنے دلوں کو طرح طرح کے غموں سے چھلنی کر لیا۔"

یہاں تک کہ بعض ایماندار بھی ایسے ہیں جو لالچ کی وجہ سے گناہ کرتے ہیں۔ مثال کے طور پر کنعان پر فتح کے وقت، عکن نے مالِ غنیمت میں سے سونا اور چاندی اور ایک نفیس چادر چُرا لی۔ اس وجہ سے اُس کے خاندان کے تمام افراد حتیٰ کہ اس کے مویشیوں کو بھی عکن کے ساتھ ہی ہلاک کیا گیا۔ علاوہ ازیں، حننیاہ اور سفیرہ نے ارادہ کیا کہ اپنی زمین بیچ کر خدا کو دے دیں گے، لیکن جلد ہی جب پیسہ ان کے ہاتھ میں آیا تو ان کا لالچ متحرک ہو گیا۔ پس انہوں نے اس میں سے کچھ چھپا چھوڑا اور باقی حصہ دے دیا، اور انہوں نے پطرس سے جھوٹ بولا کہ یہی سارا حصہ ہے۔اُن کا انجام یہ نکلا کہ وہ خدا کی لعنت کا شکار ہوئے۔

## 2۔ جس شخص کی جان خوشحال ہو وہ زردوستی نہیں کرتا

اگرچہ کوئی شخص کئی چیزوں سے لطف اندوز ہوتا ہے، اگر اسے ساری دنیا بھی مل جائے اور اگر وہ اپنی جان کا نقصان اٹھائے تو کیا فائدہ؟ دوسری طرف، اگر ہم اس دنیا کی شان و شوکت سے لطف اندوز نہیں ہوتے، اگر ہم خداوند پر ایمان رکھتے ہیں اور ہمارے پاس حقیقی زندگی ہے تو ہم فی الحقیقت امیر ہیں۔

لوقا 16 باب میں ہم امیر آدمی اور ایک غریب شخص کی تمثیل دیکھتے ہیں۔یہ امیر آدمی ہر روز شاہانہ زندگی گزارتا تھا لیکن وہ غریب جس کا نام لعزر تھا، اس امیر آدمی کے گھر سے بھیک مانگتا اور کسمپرسی کی زندگی گزار رہا تھا۔ بہر حال، لعزر خدا پر ایمان رکھتا اور اس کی تعظیم کرتا تھا جبکہ امیر آدمی ایسا نہیں کرتا تھا۔ آخر کار، دونوں مر گئے۔ غریب لعزر کو فرشتے لے گئے اور ابرہام کی گود میں پہنچا دیا، لیکن امیر آدمی عالمِ ارواح میں گیا اور وہاں ہمیشہ تک عذاب اٹھاتا ہے۔

اگر ہمارا ایمان سچا ہے تو اگرچہ ہم برکت نہ پائیں یا اس وقت بہت



بزرگ پاسٹر ڈاکٹر جے راک لی

مشکل میں ہیں تو ہم شکر گزاری نہیں چھوڑیں گے اور نجات پانے کی شادمانی کا احساس ختم نہیں کریں گے۔مزید یہ کہ، اگر ہم خدا کی عزت کرتے اور نُور میں چلتے ہیں تو ہم مالی برکات پائیں گے کیونکہ یسوع جو کہ سب چیزوں کا خداوند ہے اس نے ہمیں ہر طرح کی غربت سے چھڑایا ہے۔اس کے علاوہ، خدائے محبت اپنے فرزندوں کی دعاؤں کا بہترین چیزوں سے جواب دیتا ہے جب وہ ایمان سے مانگتے ہیں۔

3-یوحنا1: 2 میں پڑھتے سکتے ہیں کہ، "اے پیارے! میں یہ دعا کرتا ہوں کہ جس طرح تُو روحانی ترقی کر رہا ہے اسی طرح تُو سب باتوں میں ترقی کرے اور تندرست رہے۔" جیسا کہا گیا ہے، ہمیں سب سے پہلے روح کی ترقی کرنی چاہیئے۔ جب ہم اپنے گناہوں اور بدیوں کو اپنی جانوں سے دور کر دیتے ہیں تو ہمارے لئے سب کچھ ٹھیک ہو جائے گا اور ہم زمین پر تندرستی سے لطف اندوز ہوں گے اور آسمان پر ابدی جلال سے۔ یہ روحانی عالم کا آئین ہے۔

فرض کریں کہ کسی شخص کی روح خوشحال نہیں ہے اور اس کو بہت دولت مل جائے۔پھر ممکن ہے کہ لالچ اس میں حاملہ ہو اور گناہ کو جنم دے۔شاید وہ خدا کو بھی چھوڑ دے۔ایک وقت تھا جب وہ مشکلات میں تھا تو خدا پر بھروسا کرتا تھا، اُس سے محبت رکھتا تھا اور سچے دل سے بہترین مسیحی زندگی گزارنے کی کوشش کرتا تھا۔لیکن چونکہ اب اُسے بہت مالی برکت مل گئی ہے، اس لئے اُس نے یہ کہہ کر دعا کرنا چھوڑ دی ہے کہ وہ بہت مصروف ہے، وہ اپنے آپ کو خدا سے دور کر لیتا ہے اور ایک بار پھر دنیا کی طرف راغب ہو جاتا ہے۔

اس کے برعکس، وہ لوگ جن کی روحیں خوشحال ہیں، اس دنیا کی دولت سے دوستی نہیں رکھتے۔یہاں تک کہ جب انہیں خوب دولت اور شہرت مل جائے تو بھی وہ اپنے آپ کو دنیاوی شہوتوں میں نہیں پھنساتے۔اگر انہیں دنیا کی اچھی چیزیں نہ ملیں تو اس پر شکوہ نہیں کرتے بلکہ، جو کچھ ان کے پاس ہے اس کو بھی یہاں تک کہ اپنی جان بھی خدا کے لئے دے سکتے ہیں۔

خدا کی بادشاہی کے لئے وفاداری سے کام کرتے ہوئے، پولس رسول نے کئی اذیتیں برداشت کیں، بھوک، سردی اور کئی دیگر مشکلات دیکھیں۔ لیکن وہ ہر طرح کے حالات میں پوری طرح مطمئن تھا، اور چونکہ وہ نجات پانے کی خوشی اور خدا کی محبت سے بھرا تھا اس لئے خدا کا شکر ادا کرتا تھا(فلپیوں4: 11-13)۔

## 3۔ ہمیں زر کی دوستی اور لالچ کو دور کرنے اور پاک روح سے دعا کرنے کی ضرورت ہے

کیا اس کا یہ مطلب ہے کہ ہمیں اپنی ذاتی خواہشات کا کوئی جواب نہیں ملے گا اور یہ کہ جب تک ہم روح میں نہ آجائیں ہم غربت ہی برداشت کرتے رہیں گے؟ اگر ہم پورے جذبہ سے راستبازی کی تلاش کریں اور جو کچھ ہمیں چاہیئے وہ مانگیں تو خدا ہماری ضروریات کو ہمارے ایمان کے پیمانے کے مطابق پورا کرے گا۔ لیکن اگر ہم لالچ سے مانگیں اور وہ روحانی ایمان نہ پائیں جو دعاؤں کے جواب کیلئے ضروری ہے تو ہم دعاؤں کا جواب نہیں پا سکتے۔

یعقوب 4:2-3 میں ہم پڑھتے ہیں کہ "تم خواہش کرتے ہو اور تمہیں ملتا نہیں۔ خون اور حسد کرتے ہو اور کچھ حاصل نہیں کر سکتے۔تم جھگڑتے اور لڑتے ہو۔ تمہیں اس لئے نہیں ملتا کہ مانگتے نہیں۔ تم مانگتے ہو اور پاتے نہیں اس لئے کہ بری نیت سے مانگتے ہو تا کہ اپنی عیش و عشرت میں خرچ کرو۔" جیسا کہ کہا گیا ہے، اگر ہم لالچ اور زردوستی سے مانگتے ہیں تو خدا ہمیں وہ چیز نہیں دے سکتا۔

پس،جب ہم کچھ مانگتے ہیں تو ہمیں انسانی سوچ سے دعا نہیں کرنی چاہیئے بلکہ خدا کی مرضی اور پاک روح میں دعا کرنی چاہیئے۔یہوداہ 1: 20ہمیں بتاتی ہے کہ پاک روح میں دعا کریں، اور افسیوں 6: 18 کہتی ہے کہ "ہر وقت اور ہر طرح سے روح میں دعا اور منت کرتے رہو" کیونکہ پاک روح خدا کی گہرائی کی باتیں جانتا ہے(1-کرنتھیوں1: 20)، اگر ہم پاک روح کی ہدایت کے مطابق دعا کریں تو اس سے خدا خوش ہو گا کیونکہ یہ خدا کی مرضی کے مطابق ہو گا۔ جب ہم روح میں اس طرح دعا کریں گے تو جلد ہی دعا کا جواب پائیں گے، اور اس طرح ہماری جان خوشحال ہو گی اور ہم جلد اپنے دل کی مرادیں پا سکیں گے۔

پاک روح میں دعا کرنے کی اہم ترین بات یہ ہے کہ ہم اپنے سارے دل سے دعا کریں۔ ہمیں خدا کے حضور پورے جذبے کے ساتھ ہر لمحہ سچائی کی دعا رکھنی چاہیئے۔ دعا میں، ہمیں سب سے پہلے قوت مانگنی چاہیئے۔ہمیں ایمان کی قوت مانگنی چاہیئے تا کہ دنیا پر غالب آئیں اور دشمن ابلیس کے خلاف جنگ جیت سکیں اور بیماریوں سے شفا کی قوت مانگنی چاہیئے۔اس کے علاوہ،ہمیں دلسوزی سے دعا کرنے کی قوت مانگنی چاہیئے، خدا کے کلام کے مطابق زندگی گزارنے کی، اور روحانی سوچ رکھنے کی دعا مانگنی چاہیئے۔

جب ہم روحانی قوت مانگنے کیلئے اپنے پورے دل سے دعا کرتے ہیں تو ہمیں بتدریج پاک روح کی معموری مل جائے گی اور آخر کار فطری طور پر کئی چیزوں کیلئے دعا کے لائق ہو جائیں گے اور وہ چیزیں بھی جو ہم نے کبھی دعا میں شامل بھی نہ کی ہوں، پانی کے سوتوں کی طرح بہہ نکلیں گی۔ اگر ہم اس طرح سے دعا کریں تو اگرچہ ہم طویل عرصہ سے پُکار رہے ہوں، ہم اکتائیں گے نہیں بلکہ ہم قوت پائیں گے۔ہم جلد اپنی دعاؤں کا جواب پائیں گے اور ہمارے دل روح اور خوشی سے بھر جائیں گے۔

پاک روح میں دعا کرنے کی ایک اہم بات ہے اپنے آپ کو خدا کے کلام سے لیس کرنا۔ جس وقت خدا کا کلام ہمارے اندر ہو گا ہم اسی وقت پاک روح کی ہدایت زیادہ وضاحت اور تعین کے ساتھ پا سکیں گے۔اگر ہم ہر روز بلاناغہ ایسی دعا کریں تو لالچ اور ہر طرح کا گناہ اور بدی دور کی جا سکے گی اور ہم دعا کا جواب پانے کیلئے ایمان حاصل کر لیں گے۔

میری امید ہے کہ آپ اس دنیا کا لالچ دور کر لیں گے، آسمانی امید رکھیں گے اور شکر گزاری اور شادمانی سے بھرجائیں گے۔ اس کے علاوہ، میں خداوند کے نام میں دعا کرتا ہوں کہ آپ دلسوزی سے پاک روح میں دعا کریں تا کہ جلد تقدیس پائیں اور ایسی چیزیں مانگیں جو خدا کے دل کے مطابق ہوں، تا کہ آپ سب باتوں میں دعا کا جواب پا سکیں۔

مسیح میں عزیز بھائیو اور بہنو! خدا نے ہمیں دس حکم ہم پر بوجھ ڈالنے کیلئے نہیں دیئے تھے بلکہ اس لئے کہ ہم روح اور بدن میں کامل برکات پائیں۔ مجھےامید ہے کہ آپ خدا کی محبت کو جانیں گے اور پوری طرح وہ ساری برکات پائیں گے جن کا خدا نے ہمارے ساتھ وعدہ کیا ہے۔

Urdu
مانمن خبریں
شائع کردہ مانمن سینٹرل چرچ
نمبر3-235گرو ڈونگ3، گرُو ـ گو، سیول کوریا(848-152)
فون82-2-818-7047 فیکس82-2-818-7048
ویب سائٹwww.manmin.org/english
www.manminnews.com
ای میلmanminen@manmin.kr
ناشر:ڈاکٹر جے راک لی
مدیرِ اعلیٰ:سینئیر ڈیکنیس گیومُسن وِن

## ایمان کا اقرار

1۔مانمن سینٹرل چرچ کا ایمان ہے کہ بائبل مقدس خدا کے منہ سے نکلا ہوا کلام ہے اور یہ کامل اور بے نقص ہے ۔

2۔مانمن سینٹرل چرچ خدائے ثالوث :خدا باپ، خدا بیٹا، اور خدا روح القدس کی یکتائی پر ایمان رکھتا ہے ۔

3۔مانمن سینٹرل چرچ کا ایمان ہے کہ ہمیں صرف اور صرف یسوع مسیح کے نجات بخش لہو کے وسیلہ گناہوں کی معافی ملی ہے۔

4۔مانمن سینٹرل چرچ یسوع مسیح کے مردوں میں سے جی اٹھنے اور آسمان پر اٹھائے جانے پر ، اُس کی آمدِ ثانی پر، ہزار سالہ بادشاہی پر اور ابدی آسمان پر ایمان رکھتا ہے۔

5۔مانمن سینٹرل چرچ کے ارکان جب بھی جمع ہوتے ہیں "رسولوں کا عقیدہ" پڑھ کر ایمان کا اقرار کرتے ہیں اور اِس میں شامل باتوں پر حرف بہ حرفی یقین رکھتے ہیں۔

"وہ(خدا ) توخود سب کو زندگی اور سانس اورسب کچھ دیتا ہے"۔(اعمال17:25)

"اور کسی دوسرے کے وسیلہ نجات نہیں کیونکہ آسمان کے تلے آدمیوں کو کوئی دوسرانام نہیں بخشا گیا جس کے وسیلہ سے ہم نجات یں"۔(اعمال4:12)




# 2015 مانمن سمر ریٹریٹ

پاسٹر ولادیمیراوسیپوو اور اُن کی اہلیہ، از روس

## "مجھے خدا کی حضور محسوس ہوئی"

ریٹریبٹ کے دوران، بہت ٹھنڈک اور اچھا ماحول تھا۔ جب ہم نے کئی بھنبھیریاں دیکھیں تو ہم خدا کی محبت سے بھر گئے۔ پہلی رات، لوگو ں نے بڑی تعداد میں شفا پائی اور ہم نے بڑی شدت کے ساتھ خدا کی حضوری کو محسوس کیا۔ کیمپ فائر ورشپ اینڈ پریز کے دوران تیسری رات، ہم بہت خوش تھے اور خدا کی محبت کو محسوس کیا۔ کلیسیا کے ارکان بڑی ترتیب کے ساتھ چل پھر رہے تھے۔ میں شکر گزار ہوں کہ اب میں مانمن خاندان کا رُکن ہوں۔



پاسٹر شلومی امبراموو اور اُن کی اہلیہ، از اسرائیل

## "مانمن خدا کی محبت سے بھرپور تھا"

سینیئر پاسٹر ڈاکٹر جے راک لی تمام حصوں کے اختتام تک ارکان کے ساتھ تھے اور میں اس بات سے بہت متاثر ہوا، کیونکہ اس سے اُن کا خلوص ظاہر ہو رہا تھا۔ اُن کی وقتوں اور معیادوں سے مبرا دعا کے وسیلہ سے میری بیوی کو نمونیہ اور پِتّے کی تکلیف سے شفا ملی۔ سمر ریٹریٹ 2015میں شرکت سے ہم اور زیادہ خدا کی محبت میں بھر گئے اور مانمن کے وسیلہ ہماری کوریا کے ساتھ محبت بہت بڑھ گئی۔



## کھیلوں کا دن









## کیمپ فائر ورشپ اینڈ پریز









سسٹر شین مے یُن، از سنگا پور

## "حمد و ثنا کے وسیلہ مجھے شفا مل گئی"



میں نئے یروشلیم کیلئے امید سے بھر گئی جب میں نے سینئر پاسٹر کو کیمپ فائر ورشپ اینڈ پریز کے دوران حمد و ثنا کرتے دیکھا۔ میں نے فیصلہ کر لیا کہ سب بدی کو جلد اپنے دل سے دور کر کے، اچھا اور خوبصورت دل پانا ہے، اور روح کا پھل بننا ہے۔اسی دوران، مجھے بد ہضمی سے شفا مل گئی جس نے مجھے عرصہ 20 سال سے پریشان کر رکھا تھا۔ ہالیلویاہ!

پاسٹر سٹینلے مبوگو، ازکینیا

## "ہوا کے جھونکوں سے ماحول میں ٹھنڈک ہو گئی"

میں نے کئی لوگوں کو خدا کی قدرت سے شفا پاتے دیکھا۔ خدا نے ٹھنڈے جھونکوں کے وسیلہ سے درجہ حرارت کم کر دیا، اس لئے وہاں گرمی نہ رہی۔ یہ اب تک کا بہترین موسم تھا۔ کھیلوں کے دن کے دوران، بہت خوشگوار ٹھنڈی ہوا چل رہی تھی اور ہم خدا کو محسوس کر سکتے تھے۔



پاسٹر جوناتھن اورٹیگا، از فلپائن

## "میں نے اوپر سے بھنبھیریوں کو اترتے دیکھا"

مانمن ارکان کا سلوک میرے ساتھ بہت حلیمی اور بہت شکر گزاری کا تھا۔ میں ریٹریٹ کے دوران بہت شادمان اور خوش تھا۔ میں نے اوپر سے آنے والی بھنبھیریوں کو دیکھا جس طرح برفباری ہو رہی ہو۔ کوئی ہے جو اس کو معجزے کے علاوہ کوئی اور نام دے سکے۔



# خدا کے قدرت بھرے کاموں میں ظاہر ہونے والی خدا کی محبت

مانمن سمر ریٹریٹ کا انعقاد ہر سال اگست کے پہلے ہفتہ میں کیا جاتا ہے۔ کئی طرح کے نشانات عجائب اور قدرت بھرے کام ریٹریٹ میں ظاہر ہوتے اور شرکاٗ کو خدا کی محبت کا احساس دیتے ہیں اور اُن میں آسمان کی امید مزید بڑھ جاتی ہے۔ریٹریٹ 2015 کی پہلی رات ڈاکٹر جے راک لی عالمگیر شہرت یافتہ بیداری لانے والے خادم، نے سیمینار اور ڈیوائن ہیلنگ میٹنگ کی قیادت کی۔ کئی لوگوں کو ان کی بیماریوں سے شفا ملی اور دعاؤں کا جواب مِلا۔ یہاں چند گواہیاں پیش خدمت ہیں۔

## "میری نظر بہتر ہو گئی اور ٹوٹی ہوئی کلائی بالکل ٹھیک ہو گئی"



گزشتہ پانچ سال سے مجھے آنکھوں کا عارضہ لاحق تھا۔ عینک کے بغیر میں چھوٹے الفاظ بالکل نہیں پڑ ھ سکتی تھی۔ میری دائیں کلائی بھی ٹوٹی ہوئی تھی، اس لئے مجھے اس کو موڑتے وقت شدید درد ہوتا تھا۔ جب میں ہسپتال گئی تو ڈاکٹر نے مجھے بتایا کہ مجھے آپریشن کروانا پڑے گا۔ بعض اوقات یہ درد پھیل کر دونوں کہنیوں تک چلا جاتا تھا اور میں آزادی کے ساتھ انہیں ہِلا نہیں سکتی تھی۔ لیکن ڈاکٹر جے راک لی سے دعا کروانے کے بعد میں بغیر عینک کے اچھی طرح دیکھنے لگی اور دائیں کلائی میں سے اور دونوں کہنیوں میں سے بھی درد ختم ہو گیا۔

سسٹر سینتھا مک میلان، از آسٹریلیا

## "میں سننے لگی، اور چھاتی کے سرطان سے شفا پائی"



میں پیدایشی معذور تھی لیکن چار سال کی عمر میں سر میں چوٹ لگنے کی وجہ سے بہری ہو گئی تھی۔ ستمبر 2014کو میں نے مانمن سینٹرل چرچ کی عبادات اور دانی ایل کی دعائیہ عبادت میں بذریعہ انٹر نیٹ شرکت شروع کی۔ میں نے سیریز کے دوران ڈاکٹر جے راک لی سے دعا کروائی اور دو ماہ بعد میں نے دیکھا کہ مجھے چھاتی کے سرطان سے شفا مل چکی ہے۔مزید برآں، میں نے سننا بھی شروع کر دیا۔ اور ڈیوائن ہیلنگ میٹنگ کے دوران، ریٹریٹ میں مجھے اور بہتر سنائی دینے لگا اور میں لوگوں کی اور سازوں کی آوازوں میں امتیاز کر سکتی تھی۔

سسٹر جیتی داہل، از ڈنمارک



## "میں بغیر بیساکھیوں کے چلنے لگی"



ایک دن، میں چھت پر بوئی ہوئی ہری مرچیاں توڑنے کیلئے سیڑھیاں چڑھ کر چھت پر جا رہی تھی۔ اچانک سیڑھی ٹوٹ گئی اور میں زمین پر آن گری۔ مجھ دونوں طرف شدید درد شروع ہو گیا اور میری دائیں ٹخنے کی ہڈی پر ایک گومڑ سا بن گیا۔ میں کھڑی نہ ہو سکی۔ اور مجھے بیساکھیاں استعمال کرنا پڑیں۔ ڈیوائن ہیلنگ میٹنگ کے دوران ریٹریٹ میں جب میں نے سینئر پاسٹر سے دعا کروائی تو میرے ٹخنے کی ہڈی میں بہت شدید جلن محسوس ہوئی ایسے جیسے کسی نے اس پر پسی ہوئی سُرخ مرچیں ڈال دی ہوں۔ جب میں نے اسے چھوا تو یہ بہت ہی گرم تھا۔ اس کے بعد میں بغیر بیساکھیوں کے چلنے پھرنے لگی۔

ڈیکنیس اِنسک بانگ،از پیرش 1، جنوبی کوریا

## "میرے بائیں کندے کے بریدہ اعصاب ٹھیک ہو گئے"



ریٹریٹ سے ایک ہفتہ قبل، میرے بائیں کندھے کے بریدہ اعصاب کی وجہ سے میں بہت زور و شور سے چلا رہا تھا۔ ہسپتال والوں نے مجھ پر آپریشن گے لئے زور دیا۔ لیکن میں مانمن سمر ریٹریٹ میں ایمان کے ساتھ شفا پانا چاہتا تھا۔ میں نے بڑی اشتیاق کے ساتھ اس کی تیاری کی اور ویتنام میں صلیب کا پیغام پڑھا۔ ڈیوائن ہیلنگ میٹنگ کے دوران، میں نے ڈاکٹر جے راک لی سے دعا کروائی۔پھر میں نے محسوس کیا جیسے کوئی چیز بڑے زور سے میرے کندھے پر لگ رہی ہے۔ اس کے بعد، میں نے اپنا بائیاں ہاتھ اٹھانے کی کوشش کی اور مجھے کوئی درد نہ ہوا اور میں بالکل عمومی انداز میں اسے حرکت دینے لگا۔

بھائی ہبانتانگ، ویتنام

## "مجھے کولہے کے جوڑ کی ٹوٹی ہڈیوں سے شفا مل گئی"



19فروری کو میں ایک جگہ سے گر گئی جو تقریباً دو میٹر بلند تھی، اور میرے معائنہ کے بعد بتایا گیا کہ کولہے کی ہڈی کئی جگہ سے ٹوٹ گئی ہے۔مجھے بتایا گیا کہ اس کے علاج میں چھ ماہ لگ سکتے ہیں۔ پہلے تین ماہ کے دوران میں نے چلنے کے لئے سہارا استعمال کیا۔ چوتھے ماہ میں، میں ایک چھڑی پر انحصار کرنے لگی اور اب بھی لنگڑا کر چلتی تھی۔ ریٹریٹ سے کچھ ہی پہلے، مجھے شدید درد اٹھا اور میں گھٹنوں کے بل نہیں ہو سکتی تھی۔ مجھے حرکت کرنے میں دشواری پیش آ رہی تھی۔ لیکن جب ڈایوائن ہیلنگ میٹنگ کے دوران جب ڈاکٹر جے راک لی سے میں نے دعا کروائی، تو مجھے متاثرہ حصوں میں جلن کا احساس ہوا اور پھر میں بغیر درد کے چلنے پھرنے لگی!

سسٹر منجُو کم، از جنوبی کوریا

GCN جی سی ان
(گلوبل کرسچن نیٹ ورک)
فون:82-2-824-7107
فیکس:82-2-813-7107
www.gcntv.org
webmaster@gcntv.org

WCDN World Christian Doctors Network
(ورلڈ کرسچن ڈاکٹرز نیٹ ورک)
فون:82-2-818-7039
فیکس:82-2-830-5239
www.wcdn.org
wcdnkorea@gmail.com

MIS
(مانمن انٹرنیشنل سیمنری)
فون:82-2-818-7334
فیکس:82-2-830-3310
www.manminseminary.org
manminseminary2004@gmail.com

کتب اُوریم
فون:82-70-8240-2075
فیکس:82-2-869-1537
www.urimbooks.com
urimbook@hotmail.com